2017年6月22日ジャング紙ラーワルピンディー版2面

اسلام آباد میں بھکاریوں کیخلاف مہم، 21 روز میں 857 گرفتار

دارالحکومت لاکر بھیک منگوانے کا دھندہ کرنیوالے کسی شخص کیخلاف کارروائی نہ ہوسکی

اسلام آباد(ایوب ناصر، خصوصی نامہ نگار) وفاقی پولیس نے بھکاریوں کے خلاف مہم کے دوران یکم جون سے اب تک 857 بھکاریوں کو گرفتار کرچکی ہے اور 54 چالان بھی عدالت میں پیش کردیئے ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق سب سے زیادہ بھکاری 218 تھانہ رمنانے گرفتار کئے جن میں 145 مرد، پانچ عورتیں 48 بچے 21 بچیاں شامل ہیں۔ تھانہ کوہسار نے 89 بھکاریوں کو گرفتار کیا جن میں 10 مرد 32 عورتیں اور 34 بچے اور 11 بچیاں شامل ہیں، مارگلہ پولیس نے مجموعی طور پر 86 بھکاریوں کو گرفتار کیا جن میں 13 مرد 13 عورتیں اور 23 بچے شامل ہیں، آبپارہ پولیس نے 31 ویمن پولیس نے 42 سیکرٹریٹ پولیس نے 12 بھارہ کہو پولیس نے 72 بنی گالہ پولیس نے 9 کراچی کمپنی پولیس نے 60 گولڑہ پولیس نے 19 ترنول پولیس نے 13 شالیمار پولیس نے 66 انڈسٹریل ایریا پولیس نے 70 سبزی منڈی پولیس نے 15 شمس کالونی پولیس نے تین، شہزاد ٹاؤن نے 6 کھنہ پولیس نے 17 کورال پولیس نے 8 سہالہ پولیس نے 4 اور لوئی بھیر پولیس نے 23 بھکاریوں کو گرفتار کیا گرفتار بھکاریوں کو ایدھی ہوم منتقل کیا گیا ہے۔ پولیس ابھی تک ایسے کسی شخص کے خلاف مقدمہ درج کرنے میں کامیاب نہیں ہوسکی جو لوگوں کو دوسرے شہروں سے لا کر یہاں مانگنے کا دھندہ چلاتا ہے اور نہ ہی اس کا کوئی مستقل حل نکالا جاسکا ہے۔